بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share




# چھٹی عالمی اردو کانفرنس کی افتتاحی تقریب آج ہوگی

## وزیراعلیٰ قائم علی شاہ مہمان خصوصی ہوں گے، دنیا بھر سے معروف ادیب وشاعر شرکت کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل کراچی کے صدر سید محمد احمد شاہ نے اعلان کیا ہے کہ آرٹس کونسل کی چھٹی چار روزہ عالمی اردو کانفرنس کی افتتاحی تقریب جمعرات 28 نومبر کو 3 بجے سہ پہر ''آڈیٹوریم' میں ہوگی مجلس صدارت ڈاکٹر جمیل الدین عالی، مشتاق احمد یوسفی، ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر اسلم فرخی، ڈاکٹر ستیہ پال آنند، عبداللہ حسین، امر جلیل، مسعود اشعر، زہرہ نگاہ، افتخار عارف، عطاء الحق قاسمی، ڈاکٹر پیرزادہ قاسم اور ڈاکٹر ظفر اقبال پر مشتمل ہوگی وزیراعلیٰ سندھ، سید قائم علی شاہ مہمان خصوصی ہوں گے۔ ڈاکٹر ہما میر نظامت کریں گی۔ آرٹس کونسل کے صدر، محمد احمد شاہ خطبہ استقبالیہ اور اعزازی سیکریٹری، پروفیسر اعجاز احمد فاروقی اظہار تشکر کریں گے۔ اس موقع پر انتظار حسین (پاکستان) اور پروفیسر شمیم حنفی (بھارت) کلیدی مقالات پیش کریں گے۔ دوسرا اجلاس 6 بجے شام ''زندہ وتابندہ سخن'' کے عنوان سے ہوگا جس میں زہرہ نگاہ اردو کی کلاسیکی شاعری کا انتخاب پیش کریں گے اور ناظم ہوں گی شاہدہ احمد، تیسرا اجلاس 7 بجے شام ہوگا جس میں تین کتابوں کی اہم اجزاء ہوگی راشد نور نظامت کریں گے۔ 9 بجے شب ''نئی نسل مشاعرہ'' ہوگا۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے